# قادیانیوں سے تعلقات

## کی شرعی حیثیت

تحریر

مولانا مشتاق احمد

استاذ درجہ تخصص فی رد القادیانیۃ

حسب حکم

سفیر ختم نبوت حضرت مولانا منظور احمد چنیوٹی

ناشر

شعبہ نشر و اشاعت ادارہ مرکزیہ دعوت و ارشاد چنیوٹ پاکستان

فون: 0466-332820 فیکس: 0466-331330

# تقریظ سفیر ختم نبوت، فاتح قادیانیت حضرت مولانا منظور احمد چنیوٹی

## جنرل سیکرٹری انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ، پاکستان

ہفت روزہ شمشیر آزاد کشمیر کے مدیر نے مجھ سے مطالبہ کیا کہ قادیانیوں سے تعلقات کی شرعی حیثیت کے عنوان پر عقلی و نقلی دلائل سے مزین ایک مضمون تحریر کروں۔ بندہ نے اپنی مصروفیات کے پیش نظر اپنے عزیز مولانا مشتاق احمد استاد درجہ تخصص فی ردّ القادیانیہ کے ذمہ لگایا۔ انہوں نے بڑی محنت کر کے نقلی اور عقلی دلائل پر مشتمل مفصل مضمون تیار کر لیا۔ جو ہفت روزہ شمشیر کے خصوصی ختم نبوت نمبر بابت رمضان المبارک ۱۴۲۴ھ میں اشاعت پذیر ہو گیا۔ خیال ہوا کہ اس مفید مضمون کو علیحدہ رسالہ کی شکل میں بھی شائع کرایا جائے۔ اکثر مسلمان یہ سوال کیا کرتے ہیں۔ مختصر جواب تو دے دیا جاتا ہے لیکن تسلی کیلئے تفصیلی جواب کی ضرورت ہے۔

ہفت روزہ شمشیر کی اسی اشاعت میں شہید ختم نبوت حضرت العلامہ مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ کا ایک مضمون سوال و جواب کی صورت میں شائع ہوا ہے۔ وہ بھی بہت مفید ہے۔ اسے بھی ساتھ شامل کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح اسی شمارہ میں پروانہ ختم نبوت، عاشق رسول ﷺ عزیزم طاہر عبدالرزاق جو بے شمار کتب کے مصنف ہیں اور ختم نبوت کے محاذ پر ایک کامیاب جرنیل کی حیثیت رکھتے ہیں، ان کے دو مضامین ”شیزان سے بائیکاٹ“ اور ”قادیانی نواز مسلمان کون؟“ بھی شائع ہوئے۔ انہیں بھی اسی رسالہ میں شائع کیا جا رہا ہے۔ اور ان چاروں مفید مضامین پر مشتمل یہ رسالہ ادارہ مرکزیہ دعوت و ارشاد چنیوٹ شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔

قادیانیوں کی اگر شرعی حیثیت واضح ہو جائے تو ان سے تعلقات کا مسئلہ خود بخود حل ہو جاتا ہے۔ دوسرے کفار اور قادیانیوں میں ایک بڑا واضح فرق ہے۔ قادیانی شرعی نقطہ نگاہ سے زندیق اور مرتد ہیں۔ زندیق اس کافر کو کہتے ہیں جو شرعی اصطلاحات و الفاظ تو نہ بدلے ان کے اجماعی اور متفق علیہ مفہوم کو بدل دے۔ مثلاً ختم نبوت، نزول مسیح، معراج اور جہاد کا انکار تو نہ کرے۔ ان کے اجماعی مفہوم کو بدل کر نئے مفہوم اور مطالب بیان کرے۔ جو حقیقت میں اجماعی معنی اور مفہوم کا انکار ہوتا ہے۔ اور وہ کفر ہے۔ دوسرے آسان لفظوں میں یہ سمجھ لیں کہ وہ کفر کا نام اسلام رکھ لے۔ اس لئے اس تعریف کی رو سے ہر قادیانی زندیق ہے اور

جو مسلمان سے قادیانی ہو، وہ مرتد بھی ہے اور زندیق بھی۔ مرتد اور زندیق شریعت میں بالاتفاق دونوں واجب القتل ہیں۔ اسلامی سرزمین پر ان کا ناپاک وجود برداشت نہیں ہے۔ وہ زندہ رہنے کا حق ہی نہیں رکھتے چہ جائیکہ ان سے تعلقات اور بائیکاٹ کا مسئلہ دریافت کیا جائے۔ اسلامی سلطنت میں وہ زندہ رہ ہی نہیں سکتے۔ اب اگر اسلامی ممالک میں اس شرعی حکم کے مطابق عمل نہیں ہے اور وہ زندہ رہ رہے ہیں اور کاروبار بھی دوسرے کافروں کی طرح کر رہے ہیں یا وہ غیر اسلامی ممالک میں موجود ہیں تو پھر یہ مسئلہ پیدا ہوتا ہے کہ ان سے تعلقات رکھنے شرعاً کیسے ہیں؟ اس رسالہ میں اس سوال کا جواب مدلل طور پر دیا گیا ہے۔

قادیانیوں اور دوسرے کافروں میں ایک اور بڑا واضح فرق موجود ہے۔ ہر کافر اپنے آپ کو غیر مسلم کہتا ہے اور ہمیں مسلمان کہتا اور مانتا ہے۔ لیکن قادیانی ایسے کافر ہیں جو ہم سب مسلمانوں کو جو ان کے مسیح دجال قادیانی پر ایمان نہیں لائے، کافر اور دائرہ اسلام سے خارج یقین کرتے ہیں۔ ہمیں کافر اور اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں۔ پھر وہ ہمیں صرف کافر اور جہنمی ہی نہیں کہتے بلکہ تمام وہ مسلمان جو ان کے مزعوم نبی مرزا قادیانی پر ایمان نہیں لائے ان کے نزدیک کنجریوں اور بازاری عورتوں کی اولاد ہیں۔ کوئی اور کافر، مسلمانوں کو ایسا نہیں کہتا اور نہ ہی ایسا سمجھتا ہے۔ اب غیرت کا تقاضا بھی ہے کہ جو شخص آپ کو، آپ کے ماں باپ، دادا دادی، استاد پیر، حتیٰ کہ مرکز اسلام مکہ مدینہ کے آئمہ کرام کو بھی کافر جہنمی اور کنجریوں کی اولاد کہتا ہو، ان کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا، کاروبار کرنا، کھانا پینا، اس سے بڑی بے غیرتی اور بے حیائی کیا ہے؟ وہ تو آپ کو، آپ کے ماں باپ، دادا دادی کو کنجر اور حرام زادہ کہتا ہو اور آپ اس سے تعلقات قائم کیے ہوئے ہوں، یہ بے غیرتی کی انتہا ہے۔ اس سے تو ڈوب مرنا بہتر ہے۔

دوسری بات جو قابل غور ہے۔ وہ یہ ہے کہ ہر قادیانی اپنی آمدنی سے ایک معقول اور مقرر حصہ جماعت کے اشاعتی اور تبلیغی پروگرام کے لئے وقف کرتا ہے۔ اب جو مسلمان ان سے کاروبار کرے

گا، ان سے کوئی چیز بنوائے یا خریدے گا تو اس کفر کی اشاعت میں اس مسلمان کا بھی حصہ ہو جائے گا۔ جس کا گناہ ہونا بڑا واضح ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ شرعی نقطہ نگاہ سے بھی ان سے تعلقات حرام ہیں۔ اور غیرت کے لحاظ سے بھی ایک باغیرت انسان ایسے انسان سے جو ان کو کنجریوں کی اولاد سمجھتا ہو، تعلق نہیں رکھ سکتا۔ اللّٰہ تعالیٰ ہمیں صحیح سمجھ عطا فرمائے!

منظور احمد چنیوٹی عفا اللّٰہ عنہ

مورخہ: 9 جنوری 2004ء

# قادیانیوں سے تعلقات کی شرعی حیثیت

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیا میں بے مقصد نہیں بھیجا کہ وہ کھائے، پیئے اور مزے اڑائے۔ بلکہ انسان سے مطلوب یہ ہے کہ وہ اپنی زندگی کے تمام پہلو، اللہ تعالیٰ کی مرضی کے تابع کر کے گزارے۔ اس مقصد کیلئے اللہ تعالیٰ نے ہر انسان میں حق کو قبول کرنے کی فطری استعداد رکھی ہے۔ جیسا کہ ارشاد فرمایا۔

وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون (الذاریات ۵۶)

ترجمہ: "اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کریں۔"

اس سے زیادہ وضاحت کے ساتھ ارشاد فرمایا۔

قل ان صلاتی و نسکی و محیای و مماتی لله رب العلمین۔ (الاعراف ۱۶۲)

ترجمہ: "(یہ بھی) کہہ دو کہ میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب خدائے رب العالمین ہی کے لئے ہے۔"

نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں چند یہودی مسلمان ہوئے۔ وہ احکام اسلام کے ساتھ تورات کے احکام کی رعایت بھی کرنا چاہتے تھے۔ مثلاً ہفتہ کے دن کو بڑا عظمت والا سمجھنا، اونٹ کے دودھ اور گوشت کو حرام خیال کرنا اور تورات کی تلاوت کرنا۔ ان کی اصلاح کے لئے یہ آیت نازل ہوئی۔

یأیھا الذین امنوا ادخلوا فی السلم کافة ولا تتبعوا خطوات الشیطن انه لکم عدو مبین (البقره ۲۰۸)

ترجمہ: "مومنو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے پیچھے نہ چلو وہ تو تمہارا صریح دشمن ہے۔"

یہ آیت اپنے شان نزول کے اعتبار سے اگرچہ خاص ہے لیکن حکم کے اعتبار سے عام ہے۔ اس آیت میں ان مسلمانوں کو بھی تنبیہہ ہے جو اسلام کو صرف عبادات کے لئے اختیار کرتے ہیں اور معاشی پروگرام اور معاشرتی نظم کے لئے کافروں کے نظام کو پسند کرتے ہیں۔

اسی طرح یہ آیت ان لوگوں کو بھی شامل ہے جو مسلمان ہونے کے دعویدار ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور نبی کریم ﷺ کی محبت واطاعت کا دم بھرتے ہیں۔ لیکن دوسری طرف کافروں سے مل کر کھاتے پیتے ہیں،

کافروں سے رشتے ناطے کرتے ہیں ان سے مل کر کاروبار کرتے ہیں۔ ایسے لوگ مومنوں والی زندگی نہیں گزار رہے بلکہ منافقانہ زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اللّٰہ تعالیٰ اور نبی کریم ﷺ سے محبت کا مطلب ہے کافروں سے نفرت۔ جیسے یہ ناممکن ہے کہ آدمی اپنے باپ سے بھی محبت کرے اور اس کے جانی دشمنوں کو بھی عزیز سمجھے۔ اسی طرح ایک مسلمان ایسا نہیں کر سکتا کہ وہ نبی کریم ﷺ (جو کہ امت کے روحانی باپ ہیں) سے بھی محبت کرے اور ان کے منکروں اور دشمنوں سے بھی۔ اگر کوئی شخص ایسا طرز عمل اختیار کرتا ہے تو وہ نبی کریم ﷺ اور اسلام کا خیر خواہ نہیں بلکہ ان کے دشمنوں کے گروہ کا رکن ہے۔

# کافروں سے تعلقات قرآن مجید کی روشنی میں

1. لا یتخذ المؤمنون الکفرین اولیاء من دون المؤمنین ومن یفعل

ذلك فلیس من اللہ فی شیء الا ان تتقوا منهم تقة (آل عمران ٢٨)

ترجمہ: ”مومنوں کو چاہیے کہ مومنوں کے سوا کافروں کو دوست نہ بنائیں اور جو ایسا کرے گا اس سے خدا کا کچھ (عہد) نہیں۔ ہاں! اگر اس طریق سے تم ان (کے شر) سے بچاؤ کی صورت پیدا کرو (تو مضائقہ نہیں)“۔

تشریح: علامہ شبیر احمد عثمانیؒ اس آیت کی تفسیر لکھتے ہیں۔

”جب حکومت وسلطنت، جاہ وعزت اور ہر قسم کے تقلبات وتصرفات کی زمام اکیلے خداوند قدوس کے ہاتھ میں ہوئی تو مسلمانوں کو جو صحیح معنی میں اس پر یقین رکھتے ہیں، شایانِ شان نہیں کہ اپنے اسلامی بھائیوں کی اخوت ودوستی پر اکتفا نہ کر کے خواہ مخواہ دشمنانِ خدا کی موالات ومدارات کی طرف قدم بڑھائیں۔ خدا اور رسول کے دشمن ان کے دوست کبھی نہیں بن سکتے جو

اس خبط میں پڑے گا سمجھ لو کہ خدا کی محبت وموالات سے اسے کچھ سروکار نہیں۔ ایک مسلمان کی سب امیدیں اور خوف صرف خداوند رب العزت سے وابستہ ہونے چاہئیں اور اس کے اعتماد و وثوق اور محبت ومناصرت کے مستحق وہ ہی لوگ ہیں جو حق تعالیٰ سے اسی قسم کا تعلق رکھتے ہوں۔ ہاں! تدبیر وانتظام کے درجہ میں کفار کے ضرر عظیم سے اپنے ضروری بچاؤ کے پہلو اور حفاظت کی صورتیں معقول ومشروع طریقہ پر اختیار کرنا، ترکِ موالات کے حکم سے اسی طرح مستثنیٰ ہے جیسے سورۂ انفال میں ”ومن یولھم یومئذ دبرہ“ سے ”متحرفا لقتال او متحیزا الی فئة کو مستثنیٰ کیا گیا ہے۔“

مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رقم طراز ہیں ۔ ”قلبی اور دلی دوستی و محبت تو کسی کافر کے ساتھ کسی حال میں جائز نہیں اور احسان و ہمدردی ونفع رسانی بجز اہل حرب کے اور سب کے ساتھ جائز ہے۔ اسی طرح ظاہری خوش خلقی اور دوستانہ برتاؤ بھی سب کے ساتھ جائز ہے۔ جب کہ اس کا مقصد مہمان کی خاطر داری یا غیر مسلموں کو اسلامی معلومات اور دینی نفع پہنچانا یا اپنے آپ کو ان کے کسی نقصان وضرر سے بچانا ہو۔“ (معارف القرآن جلد دوم۔ ص ۵۱)

2. یا یھا الذین امنوا لا تتخذوا بطانۃ من دونکم لا یالونکم خبالا ودوا

ما عنتم قد بدت البغضاء من افواھھم وما تخفی صدورھم اکبر قد بینا لکم الایت ان کنتم تعقلون (آل عمران ۱۱۸)

ترجمہ : ”مومنو! کسی غیر (مذہب کے آدمی) کو اپنا راز داں نہ بنانا۔ یہ لوگ تمہاری خرابی (اور فتنہ انگیزی کرنے) میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ (جس طرح ہو) تمہیں تکلیف پہنچے، انکی زبانوں سے تو دشمنی ظاہر ہو ہی چکی ہے۔ اور جو ( کینے ) ان کے سینوں میں مخفی ہیں وہ کہیں زیادہ ہیں اگر تم عقل رکھتے ہو تو ہم نے تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سنادی ہیں ۔

تشریح : علامہ شبیر احمد عثمانیؒ اس آیت کے متعلق لکھتے ہیں ۔ ” حق تعالیٰ نے یہاں صاف صاف آگاہ کر دیا کہ مسلمان اپنے اسلامی بھائیوں کے سوا کسی کو بھیدی اور راز دار نہ بنائیں کیونکہ یہودیوں یا نصاریٰ منافقین ہوں یا مشرکین ، ان میں کوئی جماعت تمہاری حقیقی خیر خواہ نہیں بلکہ ہمیشہ یہ لوگ اس کوشش میں رہتے ہیں کہ تمہیں پاگل بنا کر نقصان پہنچائیں ۔ اور دینی و دنیوی خرابیوں میں مبتلا کریں ، ان کی خواہش اسی میں ہے کہ تم تکلیف میں رہو اور کسی نہ کسی تدبیر سے تم کو دینی یا دنیوی ضرر پہنچ جائے ۔ جو دشمنی اور بغض ان کے دلوں میں ہے وہ تو بہت

ہی زیادہ ہے۔ لیکن بسا اوقات عداوت وغیظ کے جذبات سے مغلوب ہو کر کھلم کھلا ایسی باتیں کر گزرتے ہیں جو ان کی گہری دشمنی کا صاف پتہ دیتی ہیں۔ مارے دشمنی اور حسد کے ان کی زبان قابو میں نہیں رہتی ۔ پس عقلمند آدمی کا کام نہیں کہ ایسے خبیث باطن دشمنوں کو اپنا راز دار بنائے ۔ خدا تعالیٰ نے دوست دشمن کے پتے اور موالات وغیرہ کے احکامات کھول کر بتلا دیئے ہیں جس میں عقل ہوگی ان سے کام لے گا"۔

مولانا مفتی محمد شفیع قدس سرہ رقم طراز ہیں۔ ”تو اس آیت میں مسلمانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ اپنی ملت والوں کے سوا کسی کو اس طرح کا معتمد اور مشیر نہ بناؤ کہ اس سے اپنے اور اپنی ملت وحکومت کے راز کھول دو، اسلام نے اپنی عالمگیر رحمت کے سایہ میں جہاں مسلمانوں کو غیر مسلموں کے ساتھ ہمدردی ، خیر خواہی ، نفع رسانی اور مروت و رواداری کی غیر معمولی ہدایات فرمائیں اور نہ صرف زبانی ہدایات بلکہ رسول اللہ ﷺ نے تمام معاملات میں ان کو عملی طور پر رواج دیا ہے، وہیں عین حکمت کے مطابق مسلمانوں کو اپنی تنظیم اور ان کے مخصوص شعائر کی حفاظت کے لئے یہ احکام بھی صادر فرمائے کہ قانون اسلام کے منکروں اور باغیوں سے تعلقات ایک خاص حد سے آگے بڑھانے کی اجازت مسلمانوں کو نہیں دی جا سکتی کہ اس سے فرد اور ملت دونوں کے لئے ضرر اور خطرے کھلے ہوئے ہیں۔ اور یہ ایسا صریح ، معقول ، مناسب اور ضروری انتظام ہے جس سے فرد اور ملت دونوں کی حفاظت ہوتی ہے۔ (تفسیر معارف القرآن جلد دوم صفحہ ١٥٨)

3. یا ایھا الذین امنوا لا تتخذوا الیھود و النصاری اولیاء بعضھم

اولیاء بعض و من یتولھم منکم فا نہ منھم ان اللہ لا یھدی القوم الظلمین (المائدہ ٥١)

ترجمہ :”اے ایمان والو! یہود ونصاریٰ کو دوست نہ بناؤ۔ یہ ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ اور جو شخص تم میں سے ان کو دوست بنائے گا وہ بھی انہی میں سے ہو گا بیشک خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا“۔

تشریح : علامہ عثمانی تحریر فرماتے ہیں۔”اولیاء ولی کی جمع ہے۔ ”ولی“ دوست کو بھی کہتے ہیں، قریب کو بھی، ناصر اور مددگار کو بھی۔ غرض یہ ہے کہ یہود و نصاریٰ بلکہ تمام کفار سے جیسا کہ سورۃ نساء میں تصریح کی گئی ہے۔ مسلمان دوستانہ تعلقات قائم نہ کریں۔ اس موقع پر یہ ملحوظ

رکھنا چاہئے کہ موالات ، مروت و حسن سلوک ، مصالحت ، رواداری اور عدل و انصاف یہ سب چیزیں الگ الگ ہیں۔ اہل اسلام اگر مصلحت سمجھیں تو ہر کافر سے صلح اور عہد پیمان مشروع طریقہ پر کر سکتے ہیں۔ وان جنحوا للسلم فاجنح لھا و توکل علی اللّٰہ ( انفال رکوع ۸) عدل وانصاف کا حکم جیسا کہ گذشتہ آیات سے معلوم ہو چکا، مسلم و کافر ہر فرد بشر کے حق میں ہے۔ مروت اور حسن سلوک یا رواداری کا برتاؤ ان کفار کے ساتھ ہو سکتا ہے جو

جماعت اسلام کے مقابلہ میں دشمنی اور عناد کا مظاہرہ نہ کریں جیسا کہ سورۂ ممتحنہ میں تصریح ہے۔ باقی موالاۃ یعنی دوستانہ اعتماد اور برادرانہ مناصرت و معاونت، تو کسی مسلمان کو حق نہیں کہ یہ تعلق کسی غیر مسلم سے قائم کرے البتہ صوری موالات جو ”الا ان تتقوا منھم“ کے تحت میں داخل ہو اور عام تعاون جس کا اسلام اور مسلمانوں کی پوزیشن پر کوئی برا اثر نہ پڑے اس کی اجازت ہے۔

(کافروں کا تو یہ حال ہے کہ) مذہبی فرقہ بندی اور اندرونی بغض وعداوت کے باوجود وہ باہم ایک دوسرے سے دوستانہ تعلق رکھتے ہیں، یہودی یہودی کا، نصرانی نصرانی کا دوست بن سکتا ہے اور جماعت اسلام کے مقابلہ میں سب کفار ایک دوسرے کے دوست اور معاون بن جاتے ہیں۔ الکفر ملة واحدة۔

جو شخص یہود و نصاریٰ اور دوسرے مشرکوں سے دوستانہ تعلقات رکھتا ہو وہ ان ہی کے زمرہ میں شامل ہے۔ ظاہر ہے کہ جو شخص یہود نصاریٰ یا کسی جماعت کفار کے ساتھ اس نیت اور حیثیت سے موالات کرے کہ وہ دشمن اسلام ہے اس کے کفر میں کیا شبہ ہو سکتا ہے۔ منافقین میں کچھ لوگ اور بھی تھے جنہوں نے جنگ احد میں لڑائی کا پانسا بدلا ہوا دیکھ کر کہنا شروع کیا تھا کہ ہم تو اب فلاں یہودی یا فلاں نصرانی سے دوستانہ گانٹھیں گے اور ضرورت پیش آنے پر ان کا ہی مذہب اختیار کر لیں گے۔ اس قماش کے لوگوں کی نسبت بھی ”ومن یتولھم منکم فانہ منھم“ کا ظاہری مدلول علانیہ صادق ہے۔ رہے مسلمان جو اس قسم کی نیت اور منشاء سے خالی ہو کر یہود ونصاریٰ کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کریں، چونکہ ان کی نسبت بھی قوی خطرہ رہتا ہے کہ وہ کفار کی حد سے زیادہ ہم نشینی اور اختلاط سے متاثر ہو کر رفتہ رفتہ ان ہی کا مذہب اختیار کر لیں یا کم از کم شعائر کفر اور رسوم شرکیہ سے کارہ اور نفور (یعنی متنفر) نہ رہیں۔ اس اعتبار سے فانہ منھم کا اطلاق

ان کے حق میں بھی ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ حدیث المرء مع من احب نے اس مضمون کی طرف توجہ دلائی ہے۔

مفتی اعظم پاکستان قدس سرہٗ لکھتے ہیں۔ "اس آیت میں مسلمانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ یہود و نصاریٰ سے موالات (یعنی گہری دوستی) نہ کریں جیسا کہ عام غیر مسلموں کا اور یہود و نصاریٰ کا خود یہی دستور ہے کہ وہ گہری دوستی کو صرف اپنی قوم کے لئے مخصوص رکھتے ہیں مسلمانوں سے یہ معاملہ نہیں کرتے۔

پھر اگر کسی مسلمان نے اس کی خلاف ورزی کر کے کسی یہودی یا نصرانی سے گہری دوستی کر لی تو وہ اسلام کی نظر میں بجائے مسلمان کے اسی قوم کا فرد شمار ہونے کے قابل ہے۔

(معارف القرآن جلد سوم ص ۱۷۰)

4. یایھا الذین امنوا لاتتخذو الذین اتخذوا دینکم ھزواً و لعباً من

الذین اوتو الکتب من قبلکم والکفار اولیاء واتقو اللّٰہ ان کنتم مؤمنین (المائدہ ۵۷)

ترجمہ : ’’اے ایمان والو! جن لوگوں کو تم سے پہلے کتابیں دی گئی تھیں ان کو اور کافروں کو جنہوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا رکھا ہے دوست نہ بناؤ اور مومن ہو تو خدا سے ڈرتے رہو۔‘‘

تشریح : گزشتہ آیات میں مسلمانوں کو موالات کفار سے منع فرمایا تھا۔ اس آیت میں ایک خاص موثر عنوان سے اسی ممانعت کی تاکید کی گئی اور موالات کفار سے نفرت دلائی گئی ہے۔ ایک مسلمان کی نظر میں کوئی چیز اپنے مذہب سے زیادہ معظم ومحترم نہیں ہو سکتی۔ لہذا اسے بتایا گیا کہ یہود و نصاریٰ اور مشرکین تمہارے مذہب پر طعن و استہزاء کرتے ہیں۔ اور شعائر اللّٰہ (اذان وغیرہ) کا مذاق اڑاتے ہیں۔ اور جو ان میں خاموش ہیں وہ بھی ان افعال شنیعہ کو دیکھ کر اظہار نفرت نہیں کرتے بلکہ خوش ہوتے ہیں۔ کفار کی ان احمقانہ اور کمینہ حرکات پر مطلع ہو کر کوئی فرد مسلم جس کے دل میں خشیت الٰہی اور غیرت ایمانی کا ذرا سا شائبہ ہو، کیا ایسی قوم سے موالات اور دوستانہ راہ و رسم پیدا کرنے یا قائم رکھنے کو ایک منٹ کے لئے گوارہ کرے گا؟ اگر ان کے کفر وعناد اور عداوت اسلام سے بھی قطع نظر کر لی جائے تو دین قیم کے ساتھ ان کا یہ تمسخر و استہزاء ہی علاوہ دوسرے اسباب کے ایک مستقل سبب ترک موالات کا ہے۔‘‘ (تفسیر عثمانی)۔

5. الم تر الی الذین تولوا قوماً غضب اللّٰہ علیھم ما ھم منکم ولا

منھم و یحلفون علی الکذب وھم یعلمون۔ اعد اللّٰہ لھم عذاباً شدیداً۔ انھم ساء ما کانوا یعملون۔ (المجادلہ ۱۴، ۱۵)

ترجمہ : ''بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسوں سے دوستی کرتے ہیں جن پر خدا کا غضب ہوا۔ وہ نہ تم میں ہیں نہ ان میں اور جان بوجھ کر جھوٹی باتوں پر قسمیں کھاتے ہیں۔''

تشریح : ''مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع قدس سرہ لکھتے ہیں۔ ''ان آیات میں حق تعالیٰ نے ان لوگوں کی بدحالی اور انجام کار عذاب شدید کا ذکر فرمایا ہے ۔ جو اللہ کے دشمنوں ، کافروں سے دوستی رکھیں۔ کفار خواہ مشرکین ہوں یا یہود ونصاریٰ یا دوسری اقسام کے کفار ، کسی مسلمان کیلئے دلی دوستی کسی سے جائز

نہیں اور وہ عقلاً ہو بھی نہیں سکتی کیونکہ مومن کا اصل سرمایہ اللہ تعالیٰ کی محبت ہے۔ کفار اللہ تعالیٰ کے مخالف اور دشمن ہیں۔ اور جس شخص کے دل میں کسی شخص کی سچی محبت اور دوستی ہو اس سے یہ ممکن نہیں ہو سکتا کہ وہ اس کے دشمن سے بھی محبت اور دوستی رکھے۔

تنبیہ: قرآن وحدیث ۔ یہ احکام کسی خاص زمانہ کے ساتھ خاص نہیں ہیں کہ اگر قادیانیوں کے خلاف کوئی تحریک چل رہی ہو تو پھر ان سے دلی دوستی اور معاشرتی تعلقات کی ممانعت ہو اور اگر تحریک کے بعد کا زمانہ ہو تو پھر سب کچھ جائز تصور کر لیا جائے، لیکن عملاً یہی کچھ ہو رہا ہے۔ کہ مسلمانوں کو یہ اسلامی احکام صرف تحریکوں میں نظر آتے ہیں۔ عام حالات میں سب کچھ جائز سمجھ لیا جاتا ہے۔ العیاذ باللہ

6. لا تجد قوماً یومنون بالله والیوم الأخر یوادون من حاذ اللّٰہ

ورسوله ولو کانو ا اباءَ ھم او ابناء ھم او اخوانھم او عشیر لھم

(المجادلہ ۲۲)

ترجمہ: ”جو لوگ خدا پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں تم ان کو خدا اور اس کے رسول کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے۔“

تشریح: حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں یعنی جو دوستی نہیں رکھتے اللہ کے مخالف سے اگرچہ باپ بیٹے ہوں وہ ہی سچے ایمان والے ہیں۔ ان کو یہ درجے ملتے ہیں ”صحابہ رضی اللہ عنہم کی شان یہ ہی تھی کہ اللہ و رسول ﷺ کے معاملہ میں کسی چیز اور کسی شخص کی پرواہ نہیں کی۔ اسی سلسلہ میں ابو عبیدہؓ نے اپنے باپ کو قتل کر دیا۔ جنگ احد میں ابو بکر صدیقؓ اپنے بیٹے عبد الرحمن کے مقابلے میں نکلنے کو تیار ہو گئے ۔ مصعبؓ بن عمیر نے اپنے بھائی عبید بن عمیر کو، عمرؓ بن خطاب نے اپنے ماموں عاص بن ہشام کو، علیؓ بن ابی طالبؓ ، حمزہؓ ، عبیدہؓ بن الحارث نے اپنے اقارب عتبہ،

شیبہ اور ولید بن عتبہ کو قتل کیا اور رئیس المنافقین عبد اللہ بن ابی کے بیٹے عبد اللہ بن عبد اللہ نے جو مخلص مسلمان تھے، عرض کیا کہ یا رسول اللہ اگر آپ حکم دیں تو اپنے باپ کا سر کاٹ کر خدمت میں حاضر کر دوں؟ آپ ﷺ نے منع فرما دیا۔ فرضی اللہ عنہم ورضوا عنہ (تفسیر عثمانی)

بہت سے حضرات فقہاء نے یہی حکم فساق و فجار اور دین سے عملاً منحرف مسلمانوں کا قرار دیا ہے۔ کہ انکے ساتھ دلی دوستی کسی مسلمان کی نہیں ہو سکتی ، کام کاج کی ضرورتوں میں اشتراک یا مصاحبت بقدر

ضرورت الگ چیز ہے، دل میں دوستی کسی فاسق و فاجر کی اسی وقت ہوگی جبکہ فسق و فجور کے جراثیم خود اس کے اندر موجود ہوں گے۔ اسی لئے رسول اللہ ﷺ اپنی دعاؤں میں فرمایا کرتے تھے۔ اللھم لا تجعل لفاجر علی یدا. یعنی یا اللہ ! مجھ پر کسی فاجر آدمی کا احسان نہ آنے دیجئے۔ کیونکہ شریف النفس انسان اپنے محسن کی محبت پر طبعاً مجبور ہوتا ہے اس لئے فساق و فجار کا احسان قبول کرنا جو ذریعہ ان کی محبت کا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے اس سے بھی پناہ مانگی (تفسیر معارف القرآن جلد ۸ صفحہ ۳۵۲، ۳۵۳)

7. یایھا الذین امنوا لا تتخذوا عدوی کم اولیاء تلقون الیھم بالمودة

وقد کفروا بما جاء کم من الحق الخ. (الممتحنہ)

ترجمہ : " مومنو! اگر تم میری راہ میں لڑنے اور میری خوشنودی طلب کرنے کیلئے (مکے سے) نکلے ہو تو اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ۔

تشریح : علامہ عثمانیؒ لکھتے ہیں " کفار مکہ اللہ کے دشمن ہیں اور تمہارے بھی۔ ان سے دوستانہ برتاؤ کرنا اور دوستانہ پیغام ان کی طرف بھیجنا، ایمان والوں کو زیبا نہیں۔ وہ اس لئے کہ وہ کفار اللہ کے دشمن ہیں، انہوں نے حضور ﷺ کو اور اے مسلمانو! تم کو کیسی کیسی ایذائیں دے کر ترک وطن پر مجبور کیا۔ محض اس قصور پر کہ تم ایک اللہ کو جو تمہارے سب کا رب ہے کیوں مانتے ہو، اس سے بڑی دشمنی اور ظلم کیا ہوگا۔ تعجب ہے کہ ایسوں کی طرف تم دوستی کا ہاتھ بڑھاتے ہو۔ تمہارا گھر سے نکلنا اگر میری خوشنودی اور میری راہ میں جہاد کرنے کے لئے ہے اور خالص میری رضا کے واسطے تم نے سب کو دشمن بنایا ہے تو پھر انہی دشمنوں سے دوستی گانٹھنے کا کیا مطلب ؟ کیا جنہیں ناراض کر کے اللہ کو راضی کیا تھا، اب انہیں راضی کر کیا اللہ کو ناراض کرنا چاہتے ہو؟ العیاذ باللہ۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع قدس سرہ رقم طراز ہیں۔ ”سابقہ آیات میں کفار سے دوستانہ تعلق رکھنے کی سخت ممانعت و حرمت کا بیان آیا ہے، اگرچہ وہ کفار رشتہ و قرابت میں کتنے ہی قریب ہوں، صحابہ کرام، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے احکام کے معاملہ میں نہ ذاتی خواہش کی پرواہ کرتے تھے نہ کسی خویش و عزیز کی، اس پر عمل کیا گیا جس کے نتیجہ میں گھر گھر یہ صورت پیش آئی کہ باپ مسلمان، بیٹا کافر یا اس کے برعکس ہے تو دوستانہ تعلق قطع کر دیا گیا۔ ظاہر ہے انسانی فطرت اور طبیعت پر یہ عمل آسان نہ تھا۔ اس لئے آیات مذکورہ

میں حق تعالیٰ نے ان کی اس مشکل کو عنقریب آسان کر دینے کی خبر سنا دی۔ ان آیات میں حق تعالیٰ نے اس طرف اشارہ فرمایا ہے کہ آج جو لوگ کفر پر ہیں اور اس کی وجہ سے وہ تمہارے دشمن ،تم ان کے دشمن ہو،قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس عداوت کو دوستی سے مبدل فرمادے۔مطلب یہ کہ ان کو ایمان کی توفیق عطا فرما کر تمہارے تعلقات باہمی پھر ازسرنو ہموار کر دے۔اس پیشین گوئی کا ظہور فتح مکہ کے وقت اس طرح ہوا کہ بجز ان کفار کے جو قتل کئے گئے وہ سب مسلمان ہو گئے۔ قرآن کریم میں اس کا بیان يدخلون في دين الله افواجاً میں کیا گیا ہے کہ یہ لوگ فوج در فوج بڑی تعدادوں میں اللہ کے دین اسلام میں داخل ہو جائیں گے اور ایسا ہی ہوا۔

(تفسیر معارف القرآن جلد 8)

8. و من يتولهم فاولئك هم الظلمون

(الممتحنه 9 )

ترجمہ : ”اور جو لوگ ایسوں سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہیں“ تشریح : ”وہ کافر جو مسلمانوں پر ظلم وستم کرتے ہیں، ان سے دوستانہ برتاؤ کرنا بیشک سخت ظلم اور گناہ کا کام ہے“

(تفسیر عثمانی)

## مذکورہ آیات کے مضامین پر ایک نظر

بحث کو آگے بڑھانے سے پہلے ہم مذکورہ آٹھ آیات کی تلخیص بیان کرتے ہیں۔

• ☆ قلبی دوستی کافروں سے جائز نہیں البتہ کسی دینی یا دنیوی مقصد کی خاطر ان سے ظاہری طور پر اچھا

سلوک کرنا جائز ہے

- ☆ کافروں سے دوستانہ اعتماد اور ان سے برادرانہ تعاون جائز نہیں، جو ایسا کرے گا وہ ان کافروں

ہی

میں شمار ہوگا۔

- ☆ کافروں سے حسن اخلاق کا برتاؤ جائز ہے لیکن ان کو اپنا راز دار بنانا جائز نہیں

- ☆ اسی طرح کافروں سے خیر خواہی کی امید رکھنا، درست نہیں بلکہ بے وقوفی ہے۔

- ☆ جو لوگ رواداری، فراخ دلی اور وسعت قلبی کی آڑ میں کافروں سے دوستانہ تعلقات قائم کرتے

ہیں، اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ سخت عذاب کے حق دار ہیں

- ☆ مومن کافروں، بے دھڑک گناہ کرنے والوں اور دین کی پرواہ نہ کرنے والوں سے دلی محبت اور

دوستانہ تعلقات نہیں رکھتے ۔ ان کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ کافروں سے محبت کی پینگیں بڑھانے والے مومن نہیں ہو سکتے ۔

• ایمان والوں کو ہر حال میں کافروں سے تعلقات رکھنے سے منع کیا گیا ہے خواہ وہ ان کے قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔

• کافروں سے دوستانہ روابط رکھنے والے ظالم اور سخت گنہگار ہیں۔

## اہم تنبیہ

قادیانی ، عام کافروں کے حکم میں نہیں ہیں

یہ واضح رہے کہ قادیانی ، عام کافروں کے حکم میں ہرگز نہیں۔

سابقہ آیات مبارکہ میں کافروں سے دلی محبت کی ممانعت کی گئی ہے البتہ ان کے ساتھ معاشی اور معاشرتی امور میں لین دین جائز ہے۔ بشرطیکہ وہ کفر کی پسندیدگی پر منتج نہ ہو۔ لیکن قادیانیوں کے متعلق دیو بندی، بریلوی اور اہل حدیث علماء کرام کا متفقہ فتاویٰ موجود ہیں کہ قادیانی عام کافر نہیں بلکہ مرتد اور زندیق ہیں اسلامی حکومت میں مرتد اور زندیق اگر اپنے کفر سے توبہ نہ کرے تو واجب القتل ہوتا ہے۔

یہ بات، راقم کی کوئی ذاتی تحقیق نہیں بلکہ اہل سنت کے تینوں فرقوں کے سرکردہ علماء کرام کا متفقہ فیصلہ ہے مثلاً

• رئیس المحدثین علامہ محمد انور شاہ کاشمیریؒ

• مولانا محمد حسین بٹالویؒ

- حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑویؒ
- مولانا مرتضیٰ حسن چاند پوریؒ
- مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ (کراچی)
- مولانا محمد احمد رضا خان بریلویؒ

ان نمایاں ناموں کے علاوہ بھی سینکڑوں علماء کے فتاویٰ موجود ہیں کہ جو سلوک مسیلمہ کذاب اور اس کے ساتھیوں سے کیا گیا تھا ، قادیانی بھی اسی سلوک کے مستحق ہیں۔

آمدم بر سر مطلب۔ احقر کہنا یہ چاہتا ہے کہ یہود و نصاریٰ اور ان کی مثل کافروں کے ساتھ اسلام نے جس نرمی، حسن اخلاق، ہمدردی و غم خواری اور کاروباری معاملات کی اجازت دی ہے، قادیانی اس کے مستحق نہیں ہیں۔ یہود و نصاریٰ وغیرہ اپنے آپ کو کافر تسلیم کرتے ہیں، اپنے کفر پر اسلام کا لیبل نہیں لگاتے لیکن قادیانی پاکستان کے آئین میں کافر قرار دیے جانے کے باوجود اپنے آپ کو کافر تسلیم نہیں کرتے، بلکہ اپنے آپ کو اصلی مسلمان قرار دیتے ہیں یہ چوری اور سینہ زوری کی ایک بدترین مثال ہے۔

عام کافر سے صرف دلی دوستی کی ممانعت ہے اور دینوی معاملات میں اشتراک جائز ہے لیکن قادیانیوں سے تو دینوی معاملات میں بھی اشتراک جائز نہیں ہے۔ کسی بھی فرقہ کے قریبی مفتی صاحب سے پوچھ لیں یہی جواب ملے گا۔

# قادیانیوں سے تعلقات، احادیث مبارکہ کی رو سے

قرآن مجید کی طرح احادیث مبارکہ بھی کافروں سے دلی محبت اور دوستانہ تعلقات کی ممانعت کرتی ہے۔ مثلاً:

• (1) المرء مع من احب ۔ آدمی کا انجام ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن کے ساتھ وہ محبت کرتا تھا۔

اگر دنیا میں نیک لوگوں کے ساتھ محبت ہوگی تو آخرت میں بھی انہیں کے ساتھ ہوگا اور جنت میں جائیگا اور اگر دنیا میں کافروں اور فاسقوں سے محبت کرتا ہوگا تو آخرت میں بھی ان کے ساتھ ہوگا اور دوزخ میں جائے گا

(جامع ترمذی)

• (2) مَنْ اَحَبَّ لِلّٰهِ وَ اَبْغَضَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ اِيْمَانَه (بخاری و مسلم)

ترجمہ: ''جس شخص نے اپنی دوستی اور دشمنی کو صرف اللہ کے لئے وقف کر دیا اس نے ایمان مکمل کر لیا۔''

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ انسان اسی وقت پورا مومن بنتا ہے جب اس کے محبت و مودت اور نفرت و بغض کے جذبات صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی مرضی کے تابع ہوں۔ اس لئے مومن اس شخص سے دلی محبت اور دوستانہ تعلق رکھ سکتا ہے جو کہ اسلامی اغراض و مقاصد میں اس کا ساتھی ہو۔

علاوہ ازیں نبی کریم ﷺ کا طرز عمل بھی واضح ہے۔ صحاح ستہ میں روایت ہے کہ غزوہ تبوک کے

موقع پر تین صحابیؓ حضرت کعبؓ بن مالک، حضرت ہلالؓ بن امیہ اور حضرت مرارۃؓ بن ربیع جنگ میں بغیر کسی عذر کے شریک نہ ہوئے اپنے اپنے گھروں میں ہی رہے جنگ سے واپسی پر نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو حکم دیا کہ ان سے معاشرتی بائیکاٹ کرو۔ کوئی مسلمان ان سے گفتگو نہ کرے۔ ان تینوں صحابیوں پر زمین تنگ ہوگئی۔ پچاس دن بائیکاٹ رہا۔ پچاس دن بعد ان کی توبہ قبول ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعے بتایا کہ میں نے ان کو معاف کر دیا ہے یہ تینوں حضرات بدری صحابہؓ میں سے تھے لیکن ایک گناہ (جہاد سے پیچھے رہ جانا) کی سزا، ان کو یہ ملی کہ پچاس دن اپنوں میں اجنبی بن کر رہے۔ تو کیا خیال ہے آپ کا اس فرقہ کے متعلق جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے مکمل طور پر باغی ہے، نہ اسلام کا وفادار ہے، نہ ہی ملک کا وفادار ہے، اسلام کا لیبل لگا کر اسلام کا حلیہ بگاڑ رہا ہے۔ مسلمانوں میں شامل ہو کر معاشی اور معاشرتی مفادات حاصل کرتا ہے لیکن جاسوسی بھی انہی کی کرتا ہے۔ کیا ایسے لوگ اس بات کے حق دار ہیں کہ ان کے ساتھ معاشی، معاشرتی روابط قائم کئے جائیں؟

# تصویر کا دوسرا رخ

زیر بحث مسئلہ کا دوسرا رخ یہ ہے کہ قادیانی مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں۔ کافر یا مسلمان؟ کیا قادیانی مسلمانوں سے رشتہ ناتہ اور ان کے جنازوں میں شرکت کو جائز سمجھتے ہیں؟ مذکورہ احادیث خاص طور پر ان مسلمان بھائیوں کے لئے توجہ کی طالب ہیں جو کہ

- قادیانیوں کیساتھ مل کر کھاتے پیتے اور مشترکہ کاروبار کرتے ہیں۔
- کوئی قادیانی مرجائے تو ان کے جنازہ پڑھنے میں عار نہیں سمجھتے ہیں۔
- قادیانیوں کے حسن اخلاق کا بڑا چرچا کرتے ہیں۔

• قادیانیوں کے خلاف علماء کرام کی تحریر و تقریر کو مسلمانوں کی باہمی فرقہ بندی پر قیاس کرتے ہوئے

اسے مولویوں کا مسئلہ قرار دیتے ہیں۔

ہم تمام مسلمان بھائیوں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ قادیانیوں سے تعلقات قائم کرنے اور معاشی و معاشرتی روابط بڑھانے سے پہلے سوچیں، سوچیں پھر سوچیں کہ قادیانی بظاہر کیسے نظر آتے ہیں؟ اپنے عقائد کو وہ کس طرح چھپاتے ہیں اور ان کے اصل عقائد اور زمینی حقائق کیا ہیں؟ ہم ایک ایک حوالہ پوری ذمہ داری

سے نقل کریں گے اگر کسی کو شک ہو تو وہ اصل کتب دیکھ سکتا ہے۔

# مسلمان ، مرزا قادیانی اور اس کے بیٹوں کی تحریرات کی رو سے

• (1) جو میرے خلاف تھے ان کا نام عیسائی ، یہودی اور مشرک رکھا گیا (نزول المسیح حاشیہ صفحہ 4 روحانی

خزائن ص 382 جلد 18)

• (2) اور (اللہ تعالیٰ نے) مجھے بشارت دی ہے کہ جس نے تجھے شناخت کرنے کے بعد تیری دشمنی اور

تیری مخالفت اختیار کی ، وہ جہنمی ہے (تذکرہ صفحہ 168 طبع دوم)

• (3) کفر دو قسم پر ہے۔ ایک یہ کفر کہ اسلام سے ہی انکار کرتا ہے اور آنحضرت ﷺ کو خدا کا رسول

نہیں مانتا ، دوسرے یہ کفر کہ مثلاً وہ مسیح موعود کو نہیں مانتا۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو یہ دونوں قسم کے کفر ایک ہی قسم میں داخل ہیں (حقیقۃ الوحی ص 179 روحانی خزائن ص 185 جلد 22)

• (4) جو شخص تیری پیروی نہیں کرے گا اور تیری بیعت میں داخل نہ ہوگا اور تیرا مخالف رہے گا ، وہ خدا

اور رسول کی نافرمانی کرنے والا اور جہنمی ہے۔ (مجموعہ اشتہارات جلد 3 ص 275)

• (5) میری ان کتابوں کو ہر مسلمان محبت کی نظر سے دیکھتا ہے اور اس کے معارف سے فائدہ اٹھاتا ہے

اور میری دعوت کی تصدیق کرتا ہے مگر بدکار عورتوں کی اولاد نے میری تصدیق نہیں کی۔

(آئینہ کمالات اسلام ص 547,548 روحانی خزائن جلد 5)

• (6) دشمن ہمارے بیابانوں کے خنزیر ہو گئے اور ان کی عورتیں کتیوں سے بڑھ گئیں۔

(نجم الہدیٰ ص 53 روحانی خزائن جلد 14 ص 53)

• (7) اب جب کہ مسئلہ بالکل صاف ہے کہ مسیح موعود کے ماننے کے بغیر نجات نہیں ہو سکتی تو کیوں

خواہ مخواہ غیر احمدیوں کو مسلمان ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

(کلمۃ الفصل صفحہ 129 مندرجہ ریویو آف ریلیجنز قادیان جلد 14 شمارہ 3)

• (8) جو مسلمان حضرت مسیح موعود کی بیعت میں شامل نہیں ہوئے خواہ انہوں نے حضرت مسیح موعود کا نام

بھی نہیں سنا، وہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

(آئینہ صداقت ص 35 از مرزا بشیر الدین محمود )

• (9) پس اب تم کو اختیار ہے کہ یا تو مسیح موعود کے منکروں کو مسلمان کہہ کر مسیح موعود پر کفر کا فتویٰ لگاؤ اور یا

مسیح موعود کو سچا مان کر آپ کے منکروں کو کافر جانو، یہ نہیں ہو سکتا کہ تم دونوں کو مسلمان سمجھو۔

(کلمۃ الفصل ص 123 از مرزا بشیر احمد ایم اے)

• (10) پس جب مسیح موعود (یعنی مرزا غلام احمد ) کہتا ہے کہ اس کے منکروں کو خدا مسلمان نہیں جانتا، تو ہم

کون ہیں کہ اس بات کا انکار کریں۔ (کلمۃ الفصل ص 132)

# مسلمانوں کے پیچھے نماز پڑھنے کا مسئلہ قادیانی لٹریچر کی رو سے

• (1) پس یاد رکھو! جیسا کہ خدا نے مجھے اطلاع دی ہے کہ تم پر حرام ہے اور قطعی حرام ہے کہ کسی مکفر اور

مکذب یا متردد کے پیچھے نماز پڑھو بلکہ چاہئے کہ تمہارا وہی امام ہو جو تم میں سے ہو۔

(اربعین 3 ص 28۔ روحانی خزائن ص 417 جلد 17)

• (2) مسئلہ: حج بیت اللّٰہ کے لئے کوئی احمدی جائے تو مکہ معظمہ میں احمدی کی کس طرح نماز ادا کرے؟

جواب حج میں بھی آدمی التزام کر سکتا ہے کہ اپنی جائے قیام پر نماز پڑھ لیوے اور کسی کے پیچھے نماز نہ پڑھے

مسئلہ: جو احمدی، غیر احمدی امام کے پیچھے نماز پڑھ آیا وہ احمدیوں کا امام ہو سکتا ہے؟
جواب: سیدنا مسیح موعود (یعنی مرزا قادیانی) نے فرمایا کہ جو احمدی ان کے پیچھے نماز پڑھتا ہے جب تک توبہ نہ کرے، اس کے پیچھے نماز نہ پڑھو (فقہ احمدیہ حصہ اول ص 130 از حافظ روشن علی قادیانی)

• (3) خود مرزا قادیانی نے اپنے مسلمان بیٹے مرزا فضل احمد کا جنازہ نہ پڑھا اور اپنے ماننے والوں کو بھی

جنازہ میں شامل نہ ہونے دیا (روزنامہ الفضل قادیان مورخہ 7 جولائی 1943ء)

• (4) ایک صاحب نے سوال کیا کہ حضور! مخالفوں سے جو ہمیں اور حضور کو گالی گلوچ نکالتے ہیں اور

سخت سست کہتے ہیں السلام علیکم جائز ہے یا نہیں؟ فرمایا کہ مومن بڑا غیرت مند ہوتا ہے کیا غیرت اس امر کا تقاضا کرتی ہے کہ وہ تو گالیاں دیں اور تم ان سے السلام علیکم کرو؟ ہاں البتہ خرید و فروخت

جائز ہے اس میں حرج نہیں کیونکہ قیمت دینی اور مال لینا۔ کسی کا اس میں احسان نہیں (ملفوظات

جلد پنجم ص 291 طبع لندن)

عبرت کا مقام یہ چوتھا حوالہ خاص طور پر ان مسلمانوں کے لئے مقام عبرت ہے جو قادیانیوں کو مسلمان کہتے ہیں یا ان سے ہمہ قسم کے تعلقات جائز سمجھتے ہیں مرزا قادیانی تو مسلمانوں سے اتنی نفرت رکھتا ہے کہ اپنے ماننے والوں کو حکم دیتا ہے کہ مسلمانوں کو سلام نہ کریں اور ہمارے مسلمان بھائی لاعلمی یا کسی لالچ کی وجہ سے ان سے تعلقات قائم کرنے اور روابط بڑھانے کی فکر میں رہتے ہیں۔

اگر قادیانی یہ کہیں کہ ہمارے یہ نظریات نہیں تو مسلمانوں کو ان پر اعتماد کرنے سے پہلے ان سے یہ لکھوانا چاہئے کہ اگر تمہارے یہ نظریات نہیں تو لکھ کر دو کہ مرزا قادیانی اور اس کے بیٹوں اور دوسرے قادیانیوں نے جو مذکورہ امور لکھے ہیں، غلط لکھے ہیں ان سے حلفیہ یا مؤکد بعذاب تحریر لکھوائیں کہ واقعۃً ان کے مذکورہ عقائد نہیں اور یہ کہ ان عقائد کو وہ غلط سمجھتے ہیں اگر قادیانی ایسا کریں تو فبہا ورنہ ان سے تعلقات قائم کرنا، اپنے ایمان کو تباہ کرنا ہے۔

اب ایک اور سوال یہ رہ جاتا ہے کہ غیر احمدی تو حضرت مسیح موعود کے منکر ہوئے، اس لئے ان کا جنازہ نہیں پڑھنا چاہیے لیکن اگر کسی غیر احمدی کا چھوٹا بچہ مر جائے تو اس کا جنازہ کیوں نہ پڑھا جائے وہ تو مسیح موعود کا منکر نہیں؟ میں یہ سوال کرنیوالے سے پوچھتا ہوں کہ اگر یہ بات درست ہے تو پھر ہندوؤں اور عیسائیوں کے بچوں کا جنازہ کیوں نہیں پڑھا جاتا۔

(انوار خلافت ص 93 از مرزا بشیر الدین محمود)

## مسلمانوں سے رشتہ ناطہ کے متعلق قادیانی فتاویٰ

حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) نے غیر احمدیوں کو احمدی لڑکی کا رشتہ دینے سے منع فرما دیا۔ چنانچہ فرماتے ہیں "غیر احمدیوں کی لڑکی لینے میں حرج نہیں کیونکہ اہل کتاب عورتوں سے بھی تو نکاح جائز ہے بلکہ اس میں تو فائدہ ہے کہ ایک اور انسان ہدایت پاتا ہے مگر اپنی لڑکی کسی غیر احمدی

کونہ دینی چاہئیے۔ اگر ملے تو ملے بیشک لینے میں حرج نہیں اور دینے میں گناہ ہے''

(کلمۃ الفصل ص119 طبع دوم از مرزا بشیر احمد ایم اے)

• (2) حضرت مسیح موعود کا حکم ہے کہ کوئی احمدی، غیر احمدی کو اپنی لڑکی نہ دے اس کی تعمیل کرنا بھی ہر ایک

احمدی کا فرض ہے۔ (برکات خلافت ص75 از مرزا بشیر الدین محمود )

• (3) غیر احمدیوں سے ہمارے نمازیں الگ کی گئیں ، ان کولڑکیاں دینا حرام قرار دیا گیا ، ان کے

جنازے پڑھنے سے روکا گیا ، اب باقی کیا رہ گیا ہے جو ہم ان کے ساتھ مل کر کر سکتے ہیں، دو قسم کے تعلقات ہوتے ہیں ایک دینی دوسرے دنیوی، دینی تعلق کا سب سے بڑا ذریعہ وناطہ ہے سو یہ دونوں ہمارے لئے حرام قرار دیئے گئے اگر کہو کہ ہم کو ان کی لڑکیاں لینے کی اجازت ہے تو میں کہتا ہوں نصاریٰ کی لڑکیاں لینے کی بھی اجازت ہے اور اگر یہ کہو کہ غیر احمدیوں کو سلام کیوں کیا جاتا ہے تو اس کا جواب یہ کہ حدیث سے ثابت ہے کہ بعض اوقات نبی کریم ﷺ یہود مکہ کو سلام کا جواب دیا، ہاں ! اشد مخالفین کو حضرت مسیح موعود نے کبھی سلام نہیں کہا اور نہ ان کو سلام کہنا جائز ہے، غرض ہر ایک طریقہ سے ہم کو حضرت مسیح موعود نے غیروں سے الگ کیا ہے اور ایسا کوئی تعلق نہیں جو اسلام نے مسلمانوں کے ساتھ خاص کیا ہو اور پھر ہم کو اس سے نہ روکا گیا ہو

(کلمۃ الفصل ص169 ، 170 از مرزا بشیر احمد ایم اے)

# اسلام کے متعلق قادیانی نظریات

مسلمانوں کے متعلق قادیانی نظریات معلوم کر لینے کے بعد دین اسلام کے متعلق ہم قادیانی نظریات کا جائزہ لیتے ہیں۔

واضح رہے کہ دین اسلام کے متعلق ان قادیانی فتاویٰ کی بنیاد اس امر پر ہے کہ اسلام میں مسلمانوں کے نزدیک وحی اور مکالمہ الہیہ کی کوئی گنجائش نبی کریم ﷺ کے بعد نہیں ہے جبکہ قادیانی دین اسلام میں وحی کا جواز پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اپنی اس کوشش کی ناکامی کے بعد دین اسلام پر سارا غصہ اتارتے ہیں کہ اگر اسلام میں قیامت تک وحی جاری رہنے کا تصور نہیں ، تو پھر ہمیں اسلام کی کوئی ضرورت نہیں (معاذ اللہ ) قادیانی فتاویٰ کی اس بنیاد کو اچھی طرح ذہن نشین کر لینے کے بعد درج ذیل فتاویٰ ملاحظہ فرمائیں

• (1) وہ مذہب مردار ہے جس میں ہمیشہ کے لئے یقینی وحی کا سلسلہ جاری نہیں۔

(نزول المسیح ص 91 روحانی خزائن ص 469 جلد 18)

• (2) وہ دین لعنتی اور قابل نفرت ہے جو یہ سکھلاتا ہے کہ صرف چند منقولی باتوں پر (یعنی قرآن و

حدیث پر ) انسانی ترقیات کا انحصار ہے اور وحی الہی آگے نہیں بلکہ پیچھے رہ گئی ہے ...... سو ایسا دین بہ نسبت اس کے کہ اس کو روحانی کہیں، شیطانی کہلانے کا زیادہ مستحق ہوتا ہے

(ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ص 138,139 ، روحانی خزائن ص 306 جلد 21)

• (3) ہمارا مذہب تو یہ ہے کہ جس دین میں نبوت کا سلسلہ نہ ہو وہ مردہ ہے۔

(ملفوظات جلد دہم صفحہ 127)

• (4) یہ کس قدر لغو اور باطل عقیدہ ہے کہ ایسا خیال کیا جائے کہ بعد آنحضرت ﷺ کے وحی الٰہی کا

دروازہ ہمیشہ کے لئے بند ہو گیا اور آئندہ کو قیامت تک اس کی کوئی بھی امید نہیں صرف قصوں کی پوجا کرو پس کیا ایسا مذہب کچھ مذہب ہو سکتا ہے جس میں براہ راست خدا تعالیٰ کا کچھ بھی پتہ نہیں لگتا ہے جو کچھ ہیں قصے ہیں۔

میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس زمانہ میں مجھ سے زیادہ بیزار ایسے مذہب سے اور کوئی نہ ہوگا، میں ایسے مذہب کا نام شیطانی مذہب رکھتا ہوں نہ کہ رحمانی اور میں یقین رکھتا ہوں کہ ایسا مذہب جہنم کی طرف لے جاتا ہے (ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ص 183 ، روحانی خزائن ص 354 جلد 21)

## حاصل بحث

آپ نے قادیانی حوالہ جات پڑھ لئے، ان حوالہ جات میں مذکورہ امور کا خلاصہ یہ ہے کہ

• مرزا قادیانی کے نزدیک اس کو نہ ماننے والے، عیسائی، یہودی، مشرک اللہ اور رسول کے مخالف ہیں،

جہنمی اور کافر ہیں

• مرزا قادیانی کے نزدیک تمام مسلمان، کنجریوں کی اولاد، بیابانوں کے خنزیر اور ان کی عورتیں کتیوں سے بڑھ کر ہیں۔

• مرزا بشیر محمود کے نزدیک وہ مسلمان جو مرزا کا نام تک نہیں جانتے وہ بھی کافر ہیں۔

• مرزا بشیر احمد ایم اے کے نزدیک اگر مرزا قادیانی کے مخالفین مسلمان ہیں تو مرزا اور اس کے متبعین

کافر ہیں اور اگر مرزا اور اس کے ماننے والے مسلمان ہیں تو مرزا کو نہ ماننے والے کافر ہیں۔

• مرزا قادیانی کے نزدیک اس کے منکرین کے پیچھے نماز پڑھنا حرام ہے حتی کہ حج میں بھی قادیانیوں کو علیحدہ نماز پڑھنی چاہئے۔

• مرزا قادیانی کے نزدیک مسلمانوں سے کاروبار کرنا تو جائز ہے لیکن ان کو سلام کہنا حرام ہے۔

• مسلمانوں سے رشتہ لینا جائز ہے مگر دینا حرام ہے اس بارے میں مسلمان اور اہل کتاب کے برابر ہیں

• مرزا قادیانی کے نزدیک وحی جاری ہونے کا نظریہ نہ رکھنے کی وجہ سے دین اسلام (نقل کفر، کفر نباشد) مردہ مذہب، لعنتی مذہب، قابل نفرت اور شیطانی مذہب ہے جو کہ انسان کو دوزخ کی طرف لے جاتا ہے

مسلمانو! تمہارے باپ کو اس کے خاندان کو کوئی شخص فحش گالیاں دے تو کیا تم اس کے ساتھ خوشگوار تعلقات رکھنا پسند کرو گے؟ کوئی شخص تمہارے مال و دولت پر ڈاکہ ڈالے، سب کچھ چھین کر لے جائے تو اس کے متعلق کیا کہو گے؟

اگر کوئی شخص بڑی میٹھی زبان رکھتا ہے، حسن اخلاق کا مالک ہے، لیکن کاروبار میں تمہارے ساتھ دھوکہ کرتا ہے، تمہیں دیوالیہ کر دیتا ہے۔ لاکھ سے راکھ تک پہنچا دیتا ہے تو کیا پھر بھی اس کی میٹھی زبان اور حسن اخلاق کے گرویدہ رہو گے؟

ان سب امور کا جواب اگر نفی میں ہے اور یقیناً نفی میں ہے تو قادیانیوں سے تعلقات قائم کر کے دین اسلام کو کیوں پس پشت ڈال رہے ہو؟

ایمان کے چور اور ڈاکو اس لائق نہیں ہو سکتے ان سے مراسم قائم کئے جائیں، نوکری اور چھوکری کے لالچ میں، چند ٹکوں کے معاشی و معاشرتی فائدہ کے لئے اپنی آخرت تباہ نہ کرو، جو مسلمان ، مذکورہ تمام امور کو جاننے کے باوجود قادیانیوں کو مسلمانوں سے بہتر کہتا ہے ان سے رشتے ناطے اور سماجی و معاشی تعلقات میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتا وہ سرکار دو عالم ﷺ کو کیا منہ دکھائے گا؟ اللہ تعالیٰ کو کیا جواب دے گا؟

# ضمیمہ

## قادیانیوں سے تعلقات کے موضوع پر تین اہم رسائل

۱۔ قادیانیوں کے ساتھ معاملات سوال و جواب کی روشنی میں

۲۔ قادیانی نواز مسلمان کون؟

۳۔ شیزان کا بائیکاٹ

# قادیانیوں کے ساتھ معاملات سوال و جواب کی روشنی میں

## افادات شہید ختم نبوت مولانا محمد یوسف لدھیانوی مرحوم

## تحریر: قاری عبدالوحید قاسمی

ہماری بد نصیبی ہے کہ قادیانی مرتد، زندیق، گستاخ رسول، باغی ختم نبوت، مجرمان تحریف قرآن و حدیث، غداران ملت و دین، آلہ کاران یہود، ہنود و نصاریٰ ہونے کے باوجود خدائی دھرتی پر بڑی عیش و عشرت اور کر و فر کے ساتھ زندہ ہیں اور اپنی دجالی صورتیں اور منحوس وجود لئے اسلام اور ملت اسلامیہ کے خلاف تخریبی کاروائیوں اور تحریک آزادی کشمیر کو ناکام کرنے، اکھنڈ بھارت کی پالیسی میں پوری توانائیوں کے ساتھ جتے ہوئے ہیں۔ افسوس صد افسوس! وہ طائفہ خبیثہ مرتدین جسے تہ تیغ ہونا تھا، وہ گروہ زندیق جسے تختہ دار پر جھولنا چاہیے تھا، سارقان ختم نبوت کی وہ جماعت جسے خاک و خون میں تڑپنا تھا اور جس کا بند بند کاٹا جانا تھا آج ہمارے معاشرے خصوصاً آزاد کشمیر کوٹلی، میر پور، مظفر آباد، پاکستان، عالم اسلام کا رواں دواں حصہ ہے اور اپنے آقاؤں کی بخشی ہوئی دولت اور عطا کردہ کلیدی عہدوں کی طاقت سے سوسائٹی میں ایک طاقت ور حیثیت حاصل کر چکے ہیں اور مسلمان معاشرے میں اس طرح گھل مل گئے ہیں جیسے دونوں کے مابین کوئی فرق نہیں۔ جب میں اپنے معاشرے پر عمیق نظر ڈالتا ہوں تو چشم حیرت دیکھتی ہے کہ کسی کا بھائی قادیانی ہے کسی کا چچا قادیانی، کسی کا شوہر قادیانی، کسی کی بیوی قادیانی، کسی کا استاد قادیانی، کسی کا شاگرد قادیانی، کوئی قادیانی افسر، کوئی قادیانی کے ماتحت کوئی قادیانی کا جگری دوست، کوئی قادیانی کا شریک کاروبار، کوئی قادیانی ہمسایہ، کوئی قادیانی فیکٹریوں میں ملازم، کئی مسلمان فیکٹری میں قادیانی ملازم، پھر تعلقات مزید بڑھتے ہیں، پروان چڑھتے ہیں، اور ایک خطرناک موڑ مڑ کر وادی ایمان شکن کے نشیب میں اتر جاتے ہیں۔ ہم دیکھتے

ہیں کہ ایک دوسرے کے جنازے پڑھتے ہیں، ایک دوسرے کے جنازے پڑھاتے ہیں، دعوتیں کھاتے ہیں، دعوتیں دیتے ہیں، عید پر تحفے لیتے ہیں، تحفے دیتے ہیں، چند ٹکوں کے لئے مسلمان اساتذہ قادیانیوں کے گھروں میں ٹیوشن پڑھاتے ہیں، ان کی موت پر طلباء حفاظ قرآن خوانی کر رہے ہیں۔

شعائر اسلام کی توہین گستاخ رسول اور توہین انبیاء، تحریف قرآن و حدیث کرنے کے جرم میں اگر

کوئی قادیانی پکڑا گیا ہے تو عدالت کے ایوان میں اپنے آپ کو مسلمان کہلانے والا وکیل، دنیا فانی کی فانی دولت پر پُر جوش انداز میں دلائل کے انبار لگا رہا ہے۔ جیسے اسلام کے گستاخ رسول ڈاکٹر یونس شیخ ملعون کے وکیل محمد حسین چوٹیا لاہور والے اور اسلام آباد کے وکیل محمد اسلم خاکی جو ہر گستاخ رسولؐ کا کیس خود لڑتا ہے۔ مجرم کو پتہ ہی نہیں ہوتا کہ کون میرا کیس لڑ رہا ہے؟

یہ نام نہاد مسلمان وکیل ایسے کردار ادا کر رہے ہیں، غرضیکہ کفر و ایمان کی حد فاصل کو منہدم کیا جا رہا ہے لیکن ان میں بہتوں کو معلوم نہیں ہے کہ وہ اپنے ہی ہاتھوں سے اپنے ایمان کا گلا گھونٹ رہے ہیں۔ وہ اس حقیقت سے آشنا نہیں کہ وہ جہالت کی شمشیر سے اپنی دینی غیرت کے کئی ٹکڑے کر رہے ہیں اور رسول ﷺ کو تڑپا رہے ہیں۔ ایسے حالات میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت اور دوسری دینی تنظیموں کے قائدین اور رہنما ایک طویل مدت سے ملت اسلامیہ کو فتنۂ قادیانیت اور اس کے خطرناک چالوں سے آگاہ کرتے ہیں اور افراد امت کی تربیت کر کے انہیں اس فتنہ کی سرکوبی کے لئے صف آراء کرتے رہے ہیں۔ اور ہمیشہ یہ مستانہ نعرہ لگاتے رہے ہیں اور آج بھی لگا رہے ہیں۔

اللہ کی وحدت کے نگہدار ہیں ہم لوگ

ناموس محمد کے پاسدار ہیں ہم لوگ

اس میدان میں خطابت نے بھی بہت کام کیا اور اس دور میں تحریر نے جو کام کیا ہے وہ اور کوئی نہ کر سکا جن میں شہید ختم نبوت حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ کی کتب ہیں، مولانا طاہر عبدالرزاق صاحب کی محنت نے اس کو چار چاند لگا دیئے اور قادیانی ذریت کا ایسا آپریشن کیا کہ وہ بھی یاد رکھیں گے۔

اس تمہید کے بعد ہم آتے ہیں اصل موضوع کی طرف۔ قادیانیوں کے متعلق چند سوالات کے جوابات کی طرف جن کے جوابات شہید ختم نبوت نے اپنے دور میں مکمل دیئے تھے تاکہ کوئی مسلمان کسی مغالطے میں نہ رہے۔

سوال نمبر 1: مسلمانوں کی مختصر تعریف کیا ہے؟

جواب ۔ ایمان نام ہے حضرت محمد ﷺ کے لائے ہوئے پورے دین کو بغیر کسی تحریف اور تبدیلی کے قبول کرنا اور اس کے مقابلہ میں کفر نام ہے۔----------------------

سوال نمبر 2: لاہوری گروپ کیا چیز ہے اور اس کے پیرو کار کون لوگ ہیں؟

جواب ۔ حکیم نور دین کے واصل جہنم ہونے کے بعد مرزائی جماعت دو حصوں میں تقسیم ہوگئی تھی۔ جماعت کے بڑے حصہ نے مرزا محمود کے ہاتھ پر بیعت کی۔ اور یہ قادیانی مرزائی ہو گئے۔ اور دوسرے چھوٹے گروپ نے مرزا محمود کی بیعت نہیں کی۔ کنارہ کشی اختیار کی۔ ان کا مرکز لاہور تھا۔ اور اس گروپ کا قائد مسٹر محمد علی لاہوری تھا اسلئے یہ لاہوری گروپ ہے۔ مگر ان دونوں جماعتوں کا اس پر اتفاق ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود ہے۔

